Maulana Azad National Urdu University

M.Com. III Semester Examination December - 2018

Paper : (MMCM301CCT) : Research Methodology

پرچہ: تحقیق کا طریقۂ کار

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال: 1

خالی جگہوں پر کیجیے۔

(i) .... تحقیق مقدار کی پیائش یا گنتی پر مبنی ہوتی ہے۔

(ii) تحقیق کا پہلا مرحلہ .... ہے۔

(iii) بیانی تحقیقی خاکہ کسی خاص فرد یا گروہ کی .... کو بیان کرتا ہے۔

(iv) ایسا انٹرویو جس میں سوال کنندہ تحریری سوالات یا تحریری ہدایات کے مطابق انٹرویو نہیں لیتا .... انٹرویو کہا جاتا ہے۔

(v) پیمانہ کی ایک مثال .... ہے۔

بتایئے کہ ذیل کے بیانات صحیح ہیں یا غلط۔

(vi) سائنسی تجربات کو یکساں حالات میں اعادہ کے قابل ہونا چاہیے۔ (   )

(vii) محقق کے لیے ضروری ہے کہ اس کا ذہن تحقیق کی طرف فطری طور پر مائل ہو۔ (   )

(viii) محقق کو معروف موضوع کا انتخاب کرنا چاہیے جس کا مواد محقق کی پہنچ میں نہ ہو۔ (   )

(ix) آبادی کا ہر فرد جس سے مواد حاصل کیا جاتا ہے اسے نمونہ بندی کا عنصر کہا جاتا ہے۔ (   )

(x) امکانی نمونہ بندی کے ایک مثال مقصدی نمونہ بندی ہے۔ (   )

حصہ دوم

2. تحقیق کی جامع تعریف کرتے ہوئے اس کے مقاصد بیان کیجیے۔

P.T.O

3. کاروباری تحقیق کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

4 مسئلہ کا تعین کرتے وقت کن چیزوں کا لحاظ رکھا جانا چاہیے؟ وضاحت کیجیے۔

5 ثانوی مواد حاصل کرنے کے مختلف ذرائع بیان کیجیے۔

6 جماعت بندی اور تختہ سازی کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

7 پیمانہ سے کیا مراد ہے؟ پیمانہ کی اقسام بیان کیجیے۔

8. Chocharan کے ضابطہ کا استعمال کرتے ہوئے کسی محدود اور لامحدود آبادی کے لیے نمونہ کی جسامت طے کیجیے۔

9. Reliability اور Validity پر مختصر نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

10. تحقیق کے مراحل پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

11. تحقیقی خاکہ کی اقسام بیان کیجیے۔

12. بنیادی مواد حاصل کرنے کے مختلف ذرائع بیان کیجیے۔ ان میں سے ہر ایک کی خوبیوں اور خامیوں پر بحث کیجیے۔

13. تحقیقی رپورٹ کے اجزاء کی وضاحت کیجیے۔

14. نمونہ بندی کی مختلف اقسام بیان کیجیے۔

☆ ☆ ☆